لافتی الا علی لاسیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۲۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۹ ربیع الثانی ۱۳۳۵ھ مطابق ۱۲ فروری ۱۹۱۷ء	نمبر ۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	علحدگی حافظ محی الدین مختار عام	۱
۲	اجازت ملازمت بہ اشتیاق حسین مدرس بہ گرجیوجات	۲
۳	اضافہ منیجر صاحب بہادر اسٹیٹ فیکٹریز	״
۴	نفاذ ملحقہ قانون پولیس	״
۵	مستقلی نصیر احمد خاں سب انسپکٹر پولیس	״
۶	تقرر چودھری شب چرن داس بہ ممبری کمیٹی سود	״
۷	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

علحدگی

۳۱ جنوری ۱۹۱۷ء

حسب درخواست مسمیان عبدالعلیم و عبدالحکیم پسران حافظ عبدالرحیم ساکنہ کوچہ لالہ میاں حافظ محی الدین مختار عام سے علحدہ کیے گئے۔

اجازت

۳۱ ۔ جنوری سنہ ۱۹۱۷ء

اشفاق حسین مدرس موقوف شدہ کو بجز صیغہ تعلیم کے دوسرے صیغوں میں ملازمت کی اجازت عطا فرمائی گئی ۔

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲ ۔ فروری سنہ ۱۹۱۷ء

صاحبزادہ سید محمود علیخاں بہادر منیجر اسٹیٹ فیکٹریز کو مبلغ تین سو پچاس روپیہ ماہوار تنخواہ ملتی تھی۔ مبلغ پچاس روپیہ ماہوار سالگرہ کے زمانہ میں ترقی ہوئی۔ اور چار سو روپیہ ماہوار تنخواہ ہوگئی۔ اب مبلغ سو روپیہ ماہوار من ابتدائے ۲۹ ۔ جنوری سنہ ۱۹۱۷ء انکی تنخواہ میں اضافہ منظور کیا جاتا ہے آئندہ مجموعی تنخواہ انکو پانسو روپیہ ماہوار ملا کرے گی ۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ اضافہ تنخواہ مبلغ سو روپیہ ماہوار مصرحہ صدر حسب ضابطہ جاری ہوں فقط

دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۵ ۔ فروری سنہ ۱۹۱۷ء

نسبت عرضداشت اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر مشمولہ یادداشت استصوابی عدالت فوجداری ضلع دربارہ نفاذ دفعہ ۳۴ قانون پولیس ایکٹ ۵ سنہ ۱۸۶۱ء ۔

استدعا منظور ہے۔ دفعہ ۳۴ ایکٹ ۵ سنہ ۱۸۶۱ء کا اجرا حدود میونسپلٹی شہر رامپور سے متعلق کیا جاتا ہے۔ کاغذ بغرض اجرائے احکام صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر کے پاس مرسل ہو ۔

دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

مستقلی

۸ ۔ فروری سنہ ۱۹۱۷ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس نصیر احمد خاں نائب انسپکٹر مستقل کیے گئے

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر واقع ۲۹ ۔ جنوری سنہ ۱۹۱۷ء

چودھری سوہن لال ممبر کمیٹی سود کا انتقال ہوگیا بسمیٰ شب چند پسر متبنّے چودھری بلدیو داس و موہن لال ولد چودھری سوہن لال و لالہ رام سروپ برادر موہن لال امیدواران کی درخواستیں بمواجہ شب چند داس لالہ رام سروپ پیش ہوئیں۔ موہن لال حاضر نہیں ہے معلوم ہوا کہ شب چند داس ولد جانکی داس سالگرام و ڈھی پرشاد ممبران کمیٹی باہم رشتہ دار ہیں۔ اور نیز لالہ رام سروپ ہے ان ممبران کی رشتہ داری ہے موہن لال کی عمر بیس سال کی ہے لہذا ان ہر دو امیدواران کا تقرر کمیٹی سود پر نامناسب ہے چودھری شب چند پسر متبنّی چودھری بلدیو داس امیدوار کا تقرر کمیٹی سود پر کیا جاتا ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

مطبع ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے فروری لغایت فروری سنہ ۱۹۱۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	[illegible]	۷ ثار	۷۰ ثار	۷۰ ثار	۸ ثار	[illegible]	
نخود خالص	۹۰ ثار	۹ ثار	۸۰ ثار	۹۰ ثار	۱۰ ثار	۰	
نخود کسہ آمیز	۱۰ ثار	۹۰ ثار	[illegible]	۱۰ ثار	۱۰۰ ثار	۱۰ ثار	
کسہ	۱۱ ثار	۰	۰	۰	۱۱ ثار	۱۰۰ ثار	
ماش	۸ ثار	۸ ثار	۷۰ ثار	۸ ثار	۷۰ ثار	۸ ثار	
مونگ	۹۰ ثار	۰	۸ ثار	۰	۷۰ ثار	۹۰ ثار	
مکا	۱۳ ثار	۱۲ ثار	۱۲ ثار	۱۳ ثار	۱۴ ثار	۱۳ ثار	
جئی	۱۲ ثار	۰	۰	۱۲ ثار	۱۲ ثار	۱۳ ثار	
گوجئی	۰	۰	۰	۰	۱۱ ثار	۱۲ ثار	
عدس	۰	۰	۰	۰	۵ ثار	۰	
ارہر	۱۱ ثار	۰	۰	۰	۱۰ ثار	۰	
برنج	۷ ثار	[illegible]	۸ ثار	۸ ثار	۷۰ ثار	۸ ثار	
روغن زرد	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
روغن سیاہ	[illegible]	۲۰ ثار	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۲۰ ثار	
روغن کنجد	[illegible]	۲ ثار	۲ ثار	۱۰ ثار	[illegible]	۲ ثار	
نمک سانبھر	۱۲ ثار	۱۲ ثار	۱۱ ثار	۱۰ ثار	۱۰ ثار	۱۲ ثار	
نمک لاہوری	۷ ثار	۶ ثار	۸ ثار	۸ ثار	۹ ثار	۹ ثار	
قند سیاہ	۵۰ ثار	۰	۶ ثار	۹۰ ثار	۵۰ ثار	۶ ثار	
باجرہ	۱۱ ثار	[illegible]	۱۰ ثار	۱۱۰ ثار	۱۰ ثار	۱۱ ثار	